بہترین فلمی نغمہ

# आरती

# آرتی

ادا کاران

اشوک کمار ۔ مینا کماری

پردیپ کمار

قیمت چھ نئے پیسے

تن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

# گانے

آرتی فلم کے

گانا نمبر ۱

نہ جھنورا نہ کوئی گل اکیلا ہوں میں تیرا بلبل
ہے ایک تنہائی - میری جان میرے جہان میں آ
میرے جہان میں رنگ دیور
کہیں ہے ہنسی کہیں آنسو
یہ دنیا سودائی ہمیں یہ زندگی بھلا دیں کیا
رنگت کی نہریاں ہو پاس من میں ندی لہو یہ پیاس
چاندی سونا ہو نہ ہو دل ہے اپنے پاس
میری دنیا اور جنت ہے یہاں ڈنگا شور نہیں ہے
ہے ایک تنہائی میری جان -
نہ بھنورا نہ کوئی گل -
تیرا جہاں ہے جس کا نام غم کی صبح دکھوں کی شام
او نو نو نو
چھوٹی سی بات یہ لڑنا اس کا کام
پھر بھی یہ سب ہیں اپنے مل جل کر دیکھیں سپنے
یہ دنیا سودائی ہمیں یہ زندگی بھلا دیں کیا میری جان

گانا نمبر ۲

نہ ہوا ایک خاک سے تو دور کیا قریب کیا

لہو کا رنگ ایک ہے امیر کیا غریب کیا
وہی ہے جال وہی ہے تن کہاں تک چھپاؤ گے
پہن کے ریشمی لباس تم بدل نہ جاؤ گے
کہ ایک ذات ہے سبھی تو بات ہے عجیب کیا
لہو کا رنگ ——

غریب ہے وہ اس لیے کہ تم امیر ہو گئے
کہ ایک بادشاہ ہوا تو سو فقیر ہو گئے
خطا ہے یہ سماج کی بھلا برا نصیب کیا ۔ لہو کا ——
جو ایک ہو تو کیوں نہ پھر دلوں کا درد بانٹ لو
لبوں کی پیاس بانٹ لو زخموں کی گرد بانٹ لو
لگا لو سب کو تم گلے حبیب کیا رقیب کیا ۔ لہو کا ——

گانا نمبر ۳

آپ نے یاد دلایا تو مجھے یاد آیا
کہ میرے دل پہ پڑا تھا کوئی غم کا سایا
میں بھی کیا چیز ہوں کھایا تھا کبھی تیر ہوئی
درد اب جاگ کے اٹھا چوٹ لگے دیر ہوئی
تم کو ہمدرد جو پایا تو مجھے یاد آیا
کہ میرے دل پہ پڑا تھا کوئی غم کا سایا ۔ آپ نے ——
یعنی زمیں پر ہوں تو سمجھا نہ پرکھا جانا
آسماں پر یہ قدم جھوم کے رکھنا جانا
آج جو سر کو جھکایا تو مجھے یاد آیا

کہ میرے دل پہ پڑا تھا کوئی غم کا سایہ - آپ نے
میں نے بھی سوچ لیا ساتھ نبھانے کے لئے
دور تک آؤں گی میں تم کو منانے کے لئے
دل نے احسان دلایا تو مجھے یاد آیا
آپ نے یاد دلایا تو مجھے یاد آیا - آپ نے

گانا نمبر ۲: - وہ تیر دل پہ چلا جو تیری کمان میں ہے
ہائے کسی کی آنکھ میں جادو تیری زبان میں ہے
نظر میں آتے ہی تم تو جگر میں آئے صنم
جگر میں آتے ہی دل کی طرف بڑھانے قدم
کہیں ٹھہرتی نہیں جو اسی ادا کی قسم
زمیں پہ ہے وہی بجلی جو آسمان میں ہے
کسی کی آنکھ میں جادو تیری زبان میں ہے
یہ مانا رنگ محبت کے ہو گئے گہرے
مگر لبوں پہ ہیں تالے دلوں پہ ہیں پہرے
جو بے قرار ہو دل سے کہیں وہ کیا ٹھہرے
ابھی تو حسن محبت کے امتحان میں ہے
تمہاری آنکھیاں کے آگے یہ دن یہ رات کہاں
گلوں کی شاخ کہاں ایک صنم کا ہاتھ کہاں
حسین دیکھے ہزاروں مگر یہ بات کہاں
یہ بات اور ہے جو تیری آن بان میں ہے
کسی کی آنکھ میں .... وہ تیر دل پہ چلا -

گانا نمبر ۵

کبھی تو ملے گی کہیں تو ملے گی بہاروں کی منزل راہی
لمبی سہی درد کی راہیں دل کی لگن سے کام لے
آنسو کے اس طوفان کو بھی چھپا آہوں کے بادل تھام لے
دور تو ہے پر دور نہیں ہے نظاروں کی منزل راہی
مانا کہ ہے گہرا اندھیرا غم ہے ڈگر کی چاندنی
میلی نہ ہو دھندلی نہ پڑے تا دیکھ نظر کی چاندنی
ڈالے ہوئے رات کی چادر نظاروں کی منزل راہی
ہونٹوں پہ سکھ کا اجالا اشکوں کے تارے ڈھل گئے
سونے نقش قدم پہ پھولوں کے دیپک جل گئے
دیکھ تو مڑ کے پاس نہیں ہے سہاروں کی منزل راہی

گانا نمبر ۶ ۔ اب کیا مثال دوں میں تمہارے شباب کی
انسان بن گئی ہے کرن مہتاب کی
چہرے میں گھل گیا ہے حسین چاندنی کا نور
آنکھوں میں ہے چمن کی جواں رات کا سرور
گردن ہے ایک جھکی ہوئی ڈالی گلاب کی
گیسو کھلے تو شام کے دل سے دھواں اٹھے
چھو لے قدم تو جھک کے نہ پھر آسماں اٹھے
سو بار جھلملائے شمع آفتاب کی
دیوار و در کا رنگ یہ آنچل یہ پیرہن
گھر کا مرے چراغ ہے بوٹا سا یہ بدن

تصویر ہو تمہاری جنت کے خواب کی ۔ اب کیا ۔
گانا ہے

بار بار تو نے کیا سمجھائے پائل کی جھنکار کیا
تیرے بن ساجن لاگے نہ جیا ہمار
چھپ چھپ کے کرنا ہے اشارے جیا انکا اینا پیار کیا
آ تو ہے سجنی رے چلوں ندیا کے پار
چلتے چلتے رک گئے کیوں سجن میرے
ملتے ملتے جھک گئے کیوں نین تیرے
جھکے جھکے نیناں کرتے ہیں تم سے اقرار کیا
تیرے بن ساجن ــــ
دریا اوپر چاندنی آئی سنبھل سنبھل
ان ہر دل پر من میرا گیا مچل مچل
اک بات کہنا ہوں تم سے نا کرنا انکار کیا
آ تو ہے سجنی رے چلوں ندیا کے پار
نا بیتے یہ رات ہم ملتے ہی رہیں
بس تاروں کی چھاؤں میں چلتے ہی رہیں
نام تیرا لے لے گائے دھڑکن کا ہر تار کیا
تیرے بن ساجن ــــ

ختم شد

# پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول

| | | | |
|---|---|---|---|
| جانباز جاسوس | 1/6/- | فو منچو کا سایہ | 4/-/- |
| ,, ,, حصہ دوم | 1/6/- | فو منچو کی بیٹی | 4/-/- |
| تین نقاب پوش | 1/-/- | ڈاکٹر فو منچو | 3/-/- |
| دہلی کے عیاش | 1/-/- | ڈاکٹر فو منچو کا انتقام | 3/-/- |
| خونی نشان | 1/-/- | سمندری ڈاکو | 1/-/- |
| ڈاکو شمشاد | 1/-/- | باپ کا قاتل | 1/-/- |
| خونی شہزادہ | 1/-/- | خونی چھری | 1/-/- |
| بہادر ٹارزن | 1/8/- | تین ڈاکو | 1/-/- |
| چینی فرشتہ | 1/4/- | دو لاشیں | -/12/- |
| جادوگر جاسوس | 1/4/- | خونی کھنڈر | -/12/- |
| جادوگر حسینہ | 1/4/- | سراغرساں | -/12/- |
| موت کا مینار | 1/4/- | گردش دوراں | 3/8/- |
| خونی چراغ | 1/8/- | چلتا پرزہ | 1/8/- |

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

ملنے کا پتہ

**رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی**

# عملیات تسخیر محبوب عرف
# ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے۔ اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمایئے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھایئے

قیمت صرف -/۱/۲ محصولڈاک معاف

# اندرجال کلاں عرف استاد جادوگراں

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جس کے لئے اردو دان احباب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف -/۴/۱ محصولڈاک معاف

## رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی